MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPTT
CANTONMENT BOARD MURREE HILLS
Tele: 051-9269212 E-mial: cbmurreehills@gmail.com
Pindi Point Murree

No. G-52/TS/1470 Dated 2 Oct, 2026

To

The Director (Advertisement),
Press Information Department,
B.F Building Zero Point, Islamabad.

Subject: **MURREE HILLS CANTONMENT PUBLIC NOTICE**

The attached advertisement is forwarded herewith for publication under classified column of advertisement of newspaper according to the requirement specified below.

i.	Date of Publication	on or before 5-10-2026
ii.	Number of insertion	One (01)
iii.	Newspaper (National Dailies)	02 (Urdu) 01 (English)
iv.	Region	Rawalpindi
v.	Language	Urdu & English

2. Please forward bill alongwith tear sheet of newspaper to this office for payment.

Encl: As above

Cantonment Executive Officer
Murree-Hills

Copy to: -

Master File

CamScanner

کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز

شاندار نیلام عام حقوق کرایہ داری

کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز کینٹ ایریا میں واقع جناح روڈ نزد CMH چوک میں ایک عدد نئی تعمیر شدہ ٹک شاپ/کیفیٹیریا کے حقوق کرایہ داری کو عرصہ 03 سال کے لیے ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر نیلام کرنا چاہتا ہے۔ نیلامی مورخہ 21۔اکتوبر 2026 بوقت 12 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز میں ہوگی۔ عدم انعقاد کی صورت میں بولی دوبارہ مورخہ 22۔اکتوبر 2026 بوقت 12 بجے دن ہوگی۔ دلچسپی رکھنے والے افراد/کمپنیز کو نیلامی میں شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔

شرائط نیلام:

1. نیلامی شروع ہونے سے پہلے ہر بولی دہندہ کو کال ڈیپازٹ نقد مبلغ -/10,00,000 روپے دفتر کینٹ بورڈ مری ہلز جمع کرانا ہوگا۔
2. حقوق کرایہ داری معاہدے کی تاریخ سے شروع ہوگی مدت ختم ہونے سے پندرہ دن پہلے کیفیٹیریا کینٹ بورڈ کے حوالے کر دی جائے گا۔
3. کیفیٹیریا کا کرایہ تین ماہ کا ایڈوانس ادا کرنا ہوگا۔ باقی کرایہ ہر ماہ کی 5 تاریخ سے پہلے ادا کرنا ہوگا۔
4. کیفیٹیریا میں Maintenance / Repair کی تمام تر ذمہ داری لینے والے پر ہوگی۔ اور مدت ختم ہونے پر کیفیٹیریا جس طرح دیا جائے گا اسی حالت میں کینٹ بورڈ کے حوالے کرنے کا پابند ہوگا۔
5. ہر سال کرایہ میں 10% اضافہ ہوگا۔
6. کرایہ دار کیفیٹیریا/سیٹنگ ایریا سے باہر سامان نہ رکھنے کا پابند ہوگا۔ اور اگر اس دوران سامان باہر رکھتے ہوئے پایا گیا تو کینٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کیفیٹیریا کی منظوری منسوخ کر دے۔
7. نیلامی میں شامل ہونے والا نیلامی سے قبل اپنے شناختی کارڈ کی کاپی فراہم کرے گا۔
8. کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر تین ماہ کا پیشگی کرایہ بطور سیکورٹی (قابل واپسی) موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ واضح رہے کہ موقع پر سیکورٹی کی رقم کی ادائیگی کی ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کا زر ضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز ضبط کر لیا جائے گا۔
9. کرایہ دار کسی بھی شق کی خلاف ورزی کرنے پر ایگزیکٹو کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کرایہ داری ایگریمنٹ منسوخ کر دے اور جمع شدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔
10. نادہندہ فرم یا اشخاص کو مذکورہ بالا نیلام میں شریک ہونے کی اجازت نہیں ہوگی اور جن فرم یا اشخاص کا کنٹونمنٹ بورڈ مری کے ساتھ کسی بھی عدالت میں کسی قسم کا مقدمہ زیر سماعت ہو تو وہ بھی بولی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔
11. انکم ٹیکس مروجہ قوانین کے مطابق ہوگا۔
12. کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر مری ہلز کو اختیار حاصل ہے کہ وہ وجہ بتا کر کسی بھی بولی کو مسترد کر دے۔
13. کامیاب بولی دہندہ دفتر کینٹ بورڈ سے NOC لے کر اپنے خرچہ پر بجلی اور پانی کا بندوبست کرنے کا پابند ہوگا۔
14. کامیاب بولی دہندہ 07 یوم کے اندر مبلغ -/1200 روپے کے اسٹامپ پیپر پر کینٹ بورڈ سے تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔
15. کنٹونمنٹ بورڈ اور کرایہ دار کے مابین کسی بھی تنازع کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹس راولپنڈی ریجن ثالث تصور ہوگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہوں گے۔ کرایہ دار اس فیصلے کو کسی دوسری عدالت میں چیلنج نہ کرنے کا پابند ہوگا۔
16. کامیاب بولی دہندہ کسی بھی دوسری پارٹی/اشخاص کو Sublet کرنے کا اختیار نہ ہوگا۔ Sublet کی صورت میں کینٹ بورڈ سے اجازت لی جائے گی۔
17. مزید معلومات دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار کے دوران اس نمبر 9669212-051 پر معلوم کر سکتے ہیں۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
مری ہلز